شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

28جون2025ء

# پریس ریلیز

## توہینِ رسالت کے مرتکب سزایافتہ انور مسیح کو 23 سال بعد سپریم کورٹ کا ذہنی معذور قرار دے کر بری کر دینا انتہائی شرمناک ہے۔

## آج تک C-295 کے تحت عدالت سے ثابت شدہ کسی مجرم کی سزا پر عمل درآمد نہ کیا جانا انتہائی تشویش ناک ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** توہینِ رسالت کے مرتکب سزایافتہ انور مسیح کو 23 سال بعد سپریم کورٹ کا ذہنی معذور قرار دے کر بری کر دینا انتہائی شرمناک ہے۔ آج تک C-295 کے تحت عدالت سے ثابت شدہ کسی مجرم کی سزا پر عمل درآمد نہ کیا جانا انتہائی تشویش ناک ہے۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ 2002ء میں توہینِ رسالت کے مرتکب انور مسیح کا کیس ضابطہ کے عین مطابق سیشن کورٹ میں چلایا گیا اور جرم ثابت ہونے پر سزا دی گئی۔ پھر یہ کہ مجرم نے ہائی کورٹ میں سزا کے خلاف اپیل کی جسے عدالتِ عالیہ نے خارج کر دیا۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی شانِ اقدس میں گستاخی کے اِس مجرم کی سزا پر بھی ماضی کے دیگر مجرموں کی طرح عمل درآمد نہ کیا گیا۔ اُنہوں نے سوال اُٹھایا کہ وقوعہ کے 23 سال بعد سپریم کورٹ کو کیا سوجھی کہ ایک نیا میڈیکل بورڈ تشکیل دے کر توہین رسالت کے اِس مجرم کو ذہنی معذور قرار دے؟ اُنہوں نے کہا کہ ملک کے عدالتی نظام پر پہلے ہی بہت زیادہ تشویش پائی جاتی ہے۔ ایسے فیصلوں سے عوام کا عدالتوں پر رہا سہا اعتماد بھی ختم ہوتا جا رہا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اسلام کے نام پر قائم ہونے والی مملکتِ خداداد پاکستان میں عدل وانصاف کے منافی ایسے فیصلے لوگوں کو قانون ہاتھ میں لینے کا جواز فراہم کرتے ہیں۔ امیر تنظیم نے کہا کہ حال ہی میں پارلیمان میں توہینِ رسالت سے متعلق قوانین اور آرڈیننس کے خلاف تقاریر کا جو سلسلہ شروع کیا گیا ہے وہ انتہائی تشویشناک ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ عوام نے اپنے ووٹ سے نمائندگان کو اسمبلیوں میں اِس لیے نہیں بھیجا کہ وہ اسلام اور نبی اکرم ﷺ کی گستاخی کرنے والے افراد کو مظلوم ثابت کرنے کی کوشش کریں اور اِس قبیح ترین جرم کے مرتکب افراد کو قرار واقعی سزا دینے کے لیے بنائے گئے قوانین کو ''کالا قانون'' کہنے والوں کی تعریف وتوصیف کریں۔ اُنہوں نے مطالبہ کیا کہ سپریم کورٹ اپنے فیصلہ پر فی الفور نظرثانی کرے اور توہینِ رسالت کے مرتکب تمام مجرموں کی سزاؤں پر جلد از جلد عمل درآمد کا حکم جاری کرے۔

**جاری کردہ**

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت